بسم الله الرحمن الرحيم

حرم مطهّر امام رضا علیه السلام

مجموعۂ گلستان رضوی

تالیف: علیرضا خان‌زاده
مترجم: سید مجاھدحسین عالی تقوی
نظر ثانی: ڈاکٹر حیدررضا ضابط
نقاش: سمیرا سادات شفیعی

حرم مطهّر امام رضا علیه السلام

امام رضا علیہ السلام کی نورانی ضریح مطہر، طلائی گنبد کے نیچے واقع ہے. کئی چھوٹے بڑے خوبصورت ہال، کئی صحن، مسجد، لائبریری، لنگر خانہ اور...جو ضریح مقدس کے چاروں طرف بنائے گئے ہیں. اِن سب کو حرم کہتے ہیں

عزیز بچو! اب آپ کو حرم رضا علیہ السلام کے مذہبی اور ثقافتی مراکز کا مختصر تعارف کراتے ہیں .


مسجد گوهرشاد

مسجد گوہر شاد کا ایران کی مشہور ترین مساجدوں میں شمار ہوتا ہے. جو ایک بڑا نیلی گنبد دو مینار اور چار بڑے بڑے محرابی ایوان اور ایک صحن اور سات بزرگ عبادت خانوں سے تشکیل پایا ہے .

مرکزی لائبریری

یہ عظیم لائبریری، مطالعہ کے لئے کئی ہال پر مشتمل ہے۔. بہت زیادہ مطالعہ کا ذوق رکھنے والے ہر روز اِس خوبصورت لائبریری کی کتابوں سے استفادہ کرتے ہیں .

صحن جامع رضوی

صحن جامع رضوی، حرم امام رضا علیہ السلام کا سب سے بڑا صحن ہے، اِس صحن میں تین بڑے محرابی ایوان ہیں اور گذرنے کے بڑے راستے ہیں. اِن مکانات کے نام ایوان ولی عصر، باب الکوثر اور باب الغدیر ہے اور ہر محرابی ایوان کے دو طرف خوبصورت اور بلند مینار بنائے گئے ہیں .



صحن قدس
قدس

صحن قدس، صحن جامع رضوی کے مانند، انقلاب اسلامی کی کامیابی کے بعد بنایا گیا ہے. مسجد الاقصیٰ کی شکل میں ایک خوبصورت طلائی گنبد اور اِس کے زیر پانی کی سبیلیں ہیں جو اِس صحن کے وسط میں واقع ہے. اِس سے بیت المقدس کے واقعات یاد آتے ہیں.

مسجد الاقصیٰ، مسلمانوں کا پہلا قبلہ ہے. فلسطین اور بیت المقدس پر کئی برسوں سے صیہونی افواج کے قبضہ میں ہے .